| | |
|---|---|
| | (دیکھئے) یہ ہماری پونجی بھی ہمیں واپس کر دی گئی ہے۔<br>اب ہم اپنے اہل عیال کے لئے پھر غلّہ لائیں گے اور اپنے بھائی کی نگہبانی کرینگے<br>اور ایک بار شتر زیادہ لائیں گے (کہ) یہ غلّہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا ہے۔ |
| .66 | (یعقوب علیہ السلام نے) کہا کہ جبتک تم خدا کا عہد نہ دو کہ اسکو میرے<br>پاس (صحیح وسالم) لے آوٴگے میں اسے تمہارے ساتھ نہیں بھیجنے کا۔<br>مگر یہ کہ تم گھیر لئے جاوٴ (یعنی بے بس ہو جاوٴ تو مجبوری ہے)<br>جب انہوں نے ان سے عہد کر لیا تو (یعقوب علیہ السلام نے)<br>کہا کہ جو قول و قرار ہم کر رہے ہیں اس کا خدا ضامن ہے۔ |
| .67 | اور ہدایت کی کہ بیٹا ایک ہی دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ جدا جدا دروازوں سے داخل ہونا۔<br>اور میں خدا کی تقدیر تو تم سے روک نہیں سکتا۔<br>(بیشک) حکم اسی کا ہے۔<br>میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں۔<br>اور اہل توکل کو اسی پر بھروسا رکھنا چاہئے۔ |
| .68 | اور جب وہ ان ان مقامات سے داخل ہوئے جہاں<br>جہاں سے (داخل ہونے کیلیئے) باپ نے ان سے کہا تھا<br>تو وہ تدبیر خدا کے حکم کو ذرا بھی ٹال نہیں سکتی تھی۔<br>ہاں وہ یعقوب علیہ السلام کے دل کی خواہش تھی جو انہوں نے پوری کی تھی۔ |

